© rasailojaraid.com

ناشر: مکتبۃ الفیض، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ سائز: 23×36/16۔ صفحات: 162۔ قیمت: درج نہیں۔

زیر نظر کتاب میں فاضل مؤلف نے سیدنا امام مہدی کے ظہور، فتنہ دجال اور دیگر واقع و پیش آمدہ فتن و وقائع پر روشنی ڈالی ہے۔ کتاب کے اہم مضامین یہ ہیں: جعلی نبیوں کا فتنہ، ملحمہ کبریٰ، امت کو پیش آنے والے چار فتنے، ظہور مہدی، وقتِ ظہور اور دیگر اہم واقعات، مسیح دجال، حلیہ، تعارف اور دجال کی یلغار اور طریق واردات، فتنے کی سختیاں، کانے دجال کے مادی وسائل، اس سے بچاؤ کی صورت، دجال کی کرشمہ سازیاں، دجال کہاں ہے؟ ابن صیاد کی حقیقت، غزوہ ہند، یہودی ریاست...... عنوانات کی فہرست سے کتاب کی اہمیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

اپنے مواد کے لحاظ سے یہ اپنے موضوع پر ایک مفید، کارآمد اور تحقیقی کتاب ہے۔ کتاب کے آخر میں ''ڈنڈے والی سرکار'' کے عنوان سے ایک بزرگ کی پیش گوئیاں ذکر کی گئی ہیں، جن میں سے اکثر کا تعلق پاکستان سے ہے اور موجودہ حالات بھی ان پیش گوئیوں کے بالکل موافق ہیں۔ کئی پیش گوئیاں من وعن سچ ثابت ہوچکی ہیں۔ یہ دلچسپ پیش گوئیاں پڑھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔

کتاب کی طباعت معیاری اور کاغذ مناسب ہے۔ اہل علم اور عوام دونوں کے لئے یہ کتاب یکساں مفید ہے۔

**مجموعۂ انوار** : مؤلف و ناشر: محمد صنادید۔ تنگی، ضلع چارسدہ خیبر پختون خوا۔ سائز: 20×30/8۔ صفحات: 246۔ قیمت: درج نہیں۔

زیر نظر کتاب ''غریب القرآن'' کے ترجمہ پر مشتمل ہے۔ فاضل مؤلف کو قرآن کریم کی جو آیات یا کلمات مبارکہ مشکل نظر آئے ہیں، انہوں نے ان کا اردو اور پشتو میں ترجمہ ذکر کردیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے تین تراجم وتفاسیر سے مدد لی ہے۔ حضرت شیخ الہندؒ کا ترجمہ، شیخ الاسلامؒ کے اس پر تفسیری حواشی اور حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کا پشتو ترجمہ۔

فاضل مؤلف کے ''حرف آغاز'' سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ کاوش ایک اچھے جذبے اور نیک نیتی سے کی ہے۔ یقیناً ایسا ہی ہوگا مگر یہ کتاب ظاہر ہے اہل علم کے لئے تو چنداں مفید نہیں اور عام مسلمان بھی ہماری رائے میں اس کتاب سے فائدہ نہیں اٹھاسکتے، کیونکہ ان کے لئے قرآن کریم سب کا سب مشکل ہے، آسان و مشکل کی تقسیم ان کے حق میں درست نہیں۔ پھر بسا اوقات لفظی ترجمہ ''مشکل القرآن'' کی گتھی سلجھانے کے بجائے اور الجھا دیتا ہے۔ خدانخواستہ ہمارا مقصد فاضل مؤلف کی دل شکنی کرنا نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ اس طرز کی خدمت کرنا چاہتے ہیں تو تھوڑی ہمت اور کرلیں اور کسی مستند عالم کی نگرانی میں لفظی ترجمہ پر اکتفا کی بجائے اردو اور پشتو تفاسیر کی مدد سے ان آیات کریمہ کی تفسیر اور توجیہات بھی لکھ دیں جو ''مشکل القرآن'' کے قبیل سے ہیں۔ یہ کام یقیناً محنت طلب ہے مگر بارآور اور مفید بھی ہے، اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائیں۔ کتاب کی طباعت میں بھی سلیقہ مندی عنقاء ہے۔



© rasailojaraid.com